آپ کے فون یا خدمت فراہم کنندہ کے سافٹ وئیر کے لحاظ سے اس مینیول کے کچھ اجزا آپ کے فون سے مختلف ہوسکتے ہیں۔

SAMSUNG ELECTRONICS

World Wide Web
http://www.samsungmobile.com

Printed in Korea
Code No.: GH68-27282A
Urdu. 03/2010. Rev. 1.0

GT-M3710

صارف مینیول

SAMSUNG

اس مینیول کا استعمال

یہ صارف کا مینیول خاص طور پرآپ کو آپ کے موبائل فون کی کارگزاریوں اور خصوصیات کے متعلق رہنمائی فراہم کرنے کے لئے بنایا گیا ہے۔ جلدی سے استعمال شروع کرنے کے لئے، "آپ کے موبائل فون کا تعارف"، "اپنے موبائل فون کو ترتیب کرنا اور تیار کرنا"، اور "بنیادی فنکشن کا استعمال" سے رجوع کریں۔

ہدایتی آئیکن

شروع کرنے سے پہلے اپنے آپ کو اس مینیول میں دکھائے جانے والے آئیکنز سے واقف کریں:

تنبیہہ — ایسی صورت حال جن کی وجہ سے آپ کو یا دوسروں کو چوٹ پہنچ سکے

احتیاط — ایسی صورت حال جن کی وجہ سے آپ کے فون یا دوسرے آلات کو نقصان پہنچ سکے

نوٹ — نوٹس، استعمال کے متعلق ٹوٹکے، یا اضافی معلومات

◄ بحوالہ — متعلقہ معلومات رکھنے والے صفحات؛ مثال کے طور پر: ◄ صفحہ 12("صفحہ 12 دیکھیں" کی نمائندگی کرتا ہے)

← اس کے بعد — اختیارات یا مینیو کی ترتیب جس کا کسی قدم کی انجام دہی کے لئے انتخاب کرنے کی ضرورت ہو، مثال کے طور پر: مینیو موڈ میں منتخب کریں **پیغامات** ← **پیغام تخلیق کریں**) **پیغامات** ← اس کے بعد **پیغام تخلیق کریں** کی نمائندگی کرتا ہے)

[ ] چوکور بریکٹ — فون کی کلیدیں جیسے کہ: [☎] (پاور/فہرست سے خارج ہونے کی کلید کی نمائندگی کرتا ہے)

کاپی رائٹ کی معلومات

وہ تمام ٹیکنالوجیاں اور مصنوعات جن پر یہ فون مشتمل ہیں، اپنے مالکان کی ملکیت ہیں:

- Bluetooth® عالمی .Bluetooth SIG, Inc کا رجسٹرڈ ٹریڈمارک ہے۔
- Bluetooth QD ID: B016162
- Java™ ،Sun Microsystems, Inc. کا ٹریڈمارک ہے۔
- Microsoft Corporation Windows Media Player® کا رجسٹرڈ ٹریڈمارک ہے۔
- Wi-Fi CERTIFIED ،Wi-Fi® لوگو، اور Wi-Fi لوگو، Wi-Fi Alliance کے رجسٹرڈ ٹریڈمارک ہیں۔

CE 0168 !

مشمولات

تحفظ اور استعمال کرنے کی معلومات 1
سلامتی تنبیہات 1
حفاظتی تدابیر 4
استعمال کرنے کے سلسلے میں اہم معلومات 6

آپ کے موبائل فون کا تعارف 12
کھولیں 12
فون کا لے آؤٹ 13
کلیدیں 14
آئیکنز 15

اپنے موبائل فون کو ترتیب کرنا اور تیار کرنا 16
سم کارڈ اور بیٹری نصب کریں 16
بیٹری کو چارج کریں 18
حافظہ کارڈ نصب کریں (اختیاری) 19
ہاتھ کا اسٹریپ لگائیں (اختیاری) 20

بنیادی فنکشن کا استعمال 21
اپنا فون آن اور آف کریں 21
ٹچ اسکرین استعمال کریں 22
مینیو تک رسائی کریں 23
وڈجیٹ استعمال کریں 23
مدد کی معلومات تک رسائی کریں 24
اپنے فون کو ذاتی بنائیں 25
بنیادی کال کے فنکشنز استعمال کریں 27
پیغامات بھیجیں اور دیکھیں 29
رابطے شامل کریں اور تلاش کریں 31
بنیادی کیمرے کے فنکشنز استعمال کریں 32
میوزک سنیں 33
ویب براؤز کریں 35
Google خدمات استعمال کریں 36

برتر فنکشنز کا استعمال 38
برتر کال کے فنکشنز استعمال کریں 38
برتر فون بک کے فنکشنز استعمال کریں 41
برتر پیغام رسانی کی خصوصیات استعمال کریں 42
برتر کیمرے کے فنکشنز استعمال کریں 44
برتر میوزک کے فنکشنز استعمال کریں 47

ٹولز اور اضافی پروگرام کا استعمال 52
بلیوٹوتھ وائرلیس خصوصیت استعمال کریں 52
کسی وائرلیس LAN (WLAN) کو فعال
کریں اور اس سے جڑیں 54
ایک SOS پیغام کو فعال کریں اور بھیجیں 55
موبائل ٹریکر کارآمد کریں 56
جعلی کالز کریں 57
وائس میمو ریکارڈ کریں اور چلائیں 58

وائس کی جوابی خصوصیت استعمال کریں 58
امیج ترمیم کریں 59
امیج پرنٹ کریں 61
ویب پر تصویریں اور ویڈیوز اپ لوڈ کریں 61
ڈیٹا سنکرونائز کریں 63
RSS فیڈز استعمال کریں 64
عالمی گھڑی بنائیں اور دیکھیں 65
الارم مرتب کریں اور انہیں استعمال کریں 66
لغت میں الفاظ تلاش کریں 66
کیلکولیٹر استعمال کریں 67
کرنسیاں یا پیمائشیں تبدیل کریں 67
کاؤنٹ ڈاؤن ٹائمر مرتب کریں 67
اسٹاپ واچ استعمال کریں 67
نئے کام بنائیں 67
نئے میمو بنائیں 68
اپنے کیلنڈر کا انتظام کریں 68

مسائل کا حل ..... a

تحفظ اور استعمال کرنے کی معلومات

خطرناک یا غیر قانونی صورت حالوں سے بچنے اور اپنے موبائل فون کی اعلیٰ ترین کارکردگی کو یقینی بنانے کے لئے مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر پر عمل کریں۔

اپنے فون کو بچوں اور پالتو جانور سے دور رکھیں

اپنا فون پکڑتے ہوئے، اسے آرام سے پکڑیں، بٹن کو آہستہ سے دبائیں، ان خصوصیات کا استعمال کریں جن کی وجہ سے بٹن دبانے کی ضرورت کم پڑے (جیسے کہ ٹیمپلیٹس اور پیش گوئی ٹیکسٹ) اور وقفے لیتے رہیں۔

اپنی سماعت کی حفاظت کریں

زیادہ دیر تک آواز اونچی رکھ کر سننے سے سماعت کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ائیرفون کو آڈیو کے ذریعے میں لگانے سے پہلے ہمیشہ آواز کو کم کردیں اور آواز کو صرف اس سیٹنگ پر رکھیں جو گفتگو یا میوزک سننے کے لئے ضروری ہو۔

موبائل فون اور آلات کو احتیاط سے نصب کریں

یقین کرلیں کہ آپ کے گاڑی میں نصب کوئی موبائل فون یا متعلقہ آلات کو حفاظت سے لگایا گیا ہے۔ اپنے فون اور لوازمات کو ایئربیگ کی تنصیبات کے قریب یا اس میں رکھنے سے گریز کریں۔ غیرمناسب طریقے سے نصب لاسلکی آلات ائیر بیگ کھلنے کے وقت شدید چوٹ کا باعث بن سکتے ہیں۔

بیٹریوں اور چارجرز کو احتیاط سے پکڑیں

- صرف Samsung کے منظور کردہ بیٹریاں اور چارجر ہی استعمال کریں جنہیں خاص طور پر آپ کے فون کے لئے بنایا گیا ہے۔ غیر مطابق بٹریاں اور چارجرز شدید چوٹ اور آپ کے فون کو نقصان پہنچانے کا باعث بن سکتے ہیں۔
- بٹریوں اور فون کو آگ میں ٹھکانا نہیں لگائیں۔ استعمال شدہ بیٹریوں یا فون کو پھینکتے وقت تمام مقامی قواعد کی پیروی کریں۔
- بیٹریوں اور فون کو گرم کرنے کے آلات میں نہیں ڈالیں، جیسے کہ مائیکروویو اوون، چولہا یا ریڈیٹر بیٹریاں زیادہ گرم ہونے کی وجہ سے پھٹ سکتی ہیں۔
- بیٹری کو کبھی بھی نہ دبائیں اور نہ ہی ان میں سوراخ کریں۔ بیٹری کو تیز بیرونی دباؤ سے دور رکھیں، جس کی وجہ سے اندرونی شارٹ سرکٹ اور زیادہ گرمی پیدا ہوسکتے ہیں۔

پیس میکر کے ساتھ مداخلت سے گریز کریں

ممکنہ مداخلت سے بچنے کے لئے (6 انچ) موبائل فون اور پیس میکر کے درمیان کم از کم 15 سنٹی میٹر کا فاصلہ برقرار رکھیں، جیسے کہ بنانے والے اور آزاد تحقیق کا گروپ، وائرلیس ٹیکنالوجی ریسرچ، تجویز کرتے ہیں۔ اگر آپ کو کسی وجہ سے شک ہو کہ آپ کا فون کسی پیس میکر یا دوسرے طبی آلے کے ساتھ خلل انداز ہورہا ہو، تو فورا فون بند کردیں اور رہنمائی کے لئے پیس میکر یا طبی آلے کے بنانے والے سے رابطہ کریں۔

WARNING

فون کو ممکنہ دھماکہ خیز ماحول میں بند کردیں

اپنے فون کو پٹرول پمپ میں یا ایندھن یا کیمیائی مواد کے قریب نہ استعمال کریں۔ جب بھی تنبیہاتی اشارے یا ہدایات موجود ہوں تو اپنا فون بند کردیں۔ آپ کا فون ایندھن یا کیمیائی مواد کے ذخیرہ اور منتقلی کے علاقوں یا دھماکہ خیز علاقوں میں اور اس کے آس پاس دھماکے یا آگ لگ جانے کا باعث بن سکتے ہیں۔ آتش مواد سیال، گیس یا دھماکہ خیز مواد کو اسي خانے میں ذخیرہ نہ کریں اور نہ ہي رکھیں، جس میں فون، اس کے پرزے یا اس کے لوازمات موجود ہوں۔

بالتکرار حرکت کی وجہ سے لگنے والی چوٹوں کا خطرہ کم کریں

اپنا فون پکڑتے ہوئے، اسے آرام سے پکڑیں، بٹن کو آہستہ سے دبائیں، ان خصوصیات کا استعمال کریں جن کی وجہ سے بٹن دبانے کی ضرورت کم پڑے (جیسے کہ ٹیمپلیٹس اور پیش گوئی ٹیکسٹ) اور وقفے لیتے رہیں۔

اسکرین میں دڑار ہونے یا ٹوٹی ہوئی اسکرین کی صورت میں فون نہ استعمال کریں

ٹوٹے ہوئے کانچ یا ایکریلک کی وجہ سے آپ کے ہاتھ یا چہرے کو چوٹ لگ سکتی ہے۔ اسکرین کی تبدیلی کے لئے فون کو کسی سام سنگ مرمت کے مرکز پر لے آئیں ۔ لاپرواہی کے وجہ سے ہونے والے نقصان سے بنانے والی کی ضمانت کالعدم ہوسکتی ہے۔

WARNING

CAUTION

تمام اوقات حفاظت سے گاڑی چلائیں

گاڑی چلاتے وقت فون نہ استعمال کریں اور گاڑی چلانے کے دوران موبائل فون کے استعمال کو محدود کرنے والے تمام ضوابط کی اطاعت کریں۔ جب بھی ممکن ہو، اپنی حفاظت کے لئے ہینڈز فری لوازمات استعمال کریں۔

تمام سلامتی کی تنبیہات اور ضوابط کی پیروی کریں

کسی مخصوص علاقے میں موبائل فون کے استعمال کو محدود کرنے والے ضوابط کی پیروی کریں۔

صرف Samsung کے منظور شدہ لوازمات استعمال کریں

غیر مطابق لوازمات کا استعمال سے آپ کا فون خراب ہوسکتا ہے یا چوٹ پہنچ سکتی ہے۔

طبی آلات کے قریب فون بند کریں

آپ کا فون ہسپتالوں یا صحت کی حفاظت کی سہولیات میں طبی آلات میں مداخلت کا باعث بن سکتا ہے۔ تمام ضوابط، لگائی گئی تنبیہات اور طبی عملے کی ہدایات پر عمل کریں۔

ہوائی جہاز میں فون بند کردیں یا وائرلیس فنکشن غیرکارآمد کردیں

آپ کا فون ہوائی جہاز کے آلات کے ساتھ مداخلت پیدا کرسکتا ہے۔ ائیرلائن کے تمام ضوابط پر عمل کریں اور عملے کی ہدایات کے مطابق اپنا فون بند کردیں یا ایسی وضع پر تبدیل کریں جس میں وائرلیس فنکشنز غیرکارآمد ہوجائیں۔

بیٹریاں اور چارجرز کو نقصان سے بچائیں

- بٹریوں کو بہت زیادہ ٹھنڈے یا بہت گرم درجہ حرارت سے دور رکھیں (0 °C/32 °F سے کم یا 45 °C/113 °F)۔ شدید درجہ حرارت کی وجہ سے آپ کی بیٹریوں کی چارجنگ کی گنجائش اور عمر کم ہوسکتی ہے۔
- بیٹریوں کو دھاتی اشیا سے دور رکھیں، کیونکہ اس کی وجہ سے آپ کی بیٹری کے + اور - ٹرمینلوں کے درمیان کنکشن بن سکتا ہے جس کی وجہ سے بیٹری عارضی یا مستقل طور پر خراب ہوسکتی ہے۔
- خراب چارجر یا بیٹری کبھی نہیں استعمال کریں۔

اپنا فون احتیاط سے اور عقل مندی کے ساتھ پکڑیں

- برقی کرنٹ لگنے کے خطرے کے باعث اپنے فون کو علیحدہ نہ کریں۔
- اپنے فون کو گیلا نہ ہونے دیں — گیلے پن سے شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اپنے فون کو گیلے ہاتھوں سے نہیں پکڑیں۔ آپ کے فون کو پانی کی وجہ سے پہنچنے والے نقصان سے بنانے والی کی ضمانت کالعدم ہوسکتی ہے۔
- اپنے فون کے متحرک اجزا کو نقصان سے بچانے کے لئے اسے گندے اور غرد و غبار والی جگہوں پر نہ رکھیں۔
- آپ کا فون ایک پیچیدہ الکٹرونک آلہ ہے — شدید نقصان سے بچانے کے لئے اسے ٹکروں سے بچائیں۔
- اپنا فون پر رنگ نہیں کریں کیونکہ رنگ کی وجہ سے متحرک اجزا منجمد ہو کر صحیح سے کام نہیں کریں گے۔

CAUTION

- اگر آپ کے فون میں کیمرہ فلیش یا روشنی ہو تو اسے بچوں یا جانوروں کی آنکھوں کے قریب استعمال کرنے سے اجتناب کریں۔
- آپ کا فون شاید مقناطیسی فیلڈز سے رابطے کی وجہ سے خراب ہوسکتے ہیں مقناطیسی بند کرنے کے بٹن رکھنے والے کیس یا لوازمات نہ استعمال کریں اور فون کو لمبے عرصے تک مقناطیسی فیلڈ میں نہ رہنے دیں۔

دوسرے الکٹرونک آلات کے ساتھ مداخلت سے بچائیں

آپ کا فون ریڈیو فریکوینسی (RF) کے سگنل خارج کرتا ہے جسسے بچانے گئے یا غلط طریقے سے بچائے گئے برقیاتی آلات، جیسے کہ پیس میکر، سماعت کے آلات، طبی آلات اور گھروں یا گاڑیوں میں دوسرے برقیاتی آلات میں مداخلت ہوسکتی ہے۔ آپ کو درپیش مداخلت کے مسائل کے حل کے لئے اپنے برقیاتی آلات کے بنانے والوں سے رجوع کریں۔

استعمال کرنے کے سلسلے میں اہم معلومات

اپنا فون کو عام پوزیشن میں استعمال کریں

آپ کے فون کا اندورنی اینٹا چھونے سے گریز کریں۔

صرف خرمت کے اہل افراد کو ہی اپنے فون کی مرمت کرنے کیاجازت دیں

نااہل افراد کو اپنے فون کی مرمت کرنے کی اجازت دینے سے آپ کے فون کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور اس سے آپ کی ضمانت کالعدم ہوسکتی ہے۔

بیٹری اور چارجر کی طویل عمری کو یقینی بنائیں

- بیٹریوں کو ایک ہفتے سے زیادہ چارج کرنے سے گریز کریں کیونکہ زیادہ چارج کرنے سے بیٹری کی عمر میں کمی واقع ہوسکتی ہے۔
- وقت کے ساتھ ساتھ، بیٹری کو استعمال نہ کرنے سے اس کا چارج ختم ہوجائے گا اور اسے استعمال سے پہلے دوبارہ چارج کرنے کی ضرورت ہوگی۔

- جب استعمال نہ ہو رہے ہوں تو چارجروں کو بجلی کے ذرائع سے الگ کر دیں۔
- بیٹریوں کو صرف ان کے اصل مقصد کے لئے ہی استعمال کریں۔

سم کارڈ اور حافظہ کارڈ کو احتیاط سے پکڑیں

- جب فون معلومات منتقل کر رہا ہو یا معلومات تک رسائی کر رہا ہو تو کارڈ کو نہ نکالیں، کیونکہ اس سے ڈیٹا کو نقصان اور/یا فون کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔
- کارڈ کو شدید بجلی کے جھٹکوں، اسٹیٹک بجلی اور دوسرے آلات سے برقی شور سے محفوظ رکھیں۔
- سنہری رنگ کے کانٹیکٹ یا ٹرمینلوں کو اپنی انگلیوں یا دھاتی اشیاء سے نہ چھوئیں۔ اگر گندے ہو جائیں تو کارڈ کو نرم کپڑے سے پونچھیں۔

ہنگامی خدمات تک رسائی کو یقینی بنائیں

ممکن ہے کہ کچھ علاقوں یا صورت حالوں میں آپ کے فون سے ہنگامی کالیں ممکن نہ ہوں۔ دور دراز یا غیر ترقی یافتہ علاقوں میں سفر کرنے سے قبل، ہنگامی خدمات کے عملے سے رابطہ کرنے کے متبادل طریقے کی منصوبہ بندی کریں۔

شرح مخصوص جاذبہ (SAR) توثیق نامے کی معلومات

آپ کا فون یورپی یونین (EU) کے معیارات جو ریڈیو فریکوئنسی (RF) سے انسانی سامنے سے محدود رکھتے ہیں مطابقت رکھتا ہے، ریڈیو فریکوئنسیکی ایسی انرجی ہے جو کہ ریڈیو اور ٹیلی مواصلات کے آلات سے خارج ہوتی ہے۔ یہ معیارات جسمانی تشو کے 2,0 واٹ فی کلوگرام کے اکسپوژر کی سطح (جیسے شرح مخصوص جاذبہ یا SAR کے نام سے جانا جاتا ہے) سے تجاوز کرنے والے موبائل فونوں کی فروخت کی روک تھام کرتے ہیں۔

اس ماڈل کے لیے جانچ کے دوران زیادہ سے زیادہ SAR ریکارڈ کیا گیا، 0,622 واٹ فی کلو گرام تھا۔ عام استعمال میں اصل SAR بہت کم ہوتا ہے کیونکہ فون نزدیکی مرکزی سٹیشن تک سگنل جاری کرنے کے لیے ضروری RF انرجی خارج کرنے کے لیے ڈیزائن کیا جاتا ہے۔ جہاں ممکن ہو وہاں خودبخود کم سطح جاری کرکے آپ کا فون RF توانائی کے ساتھ آپ کے سامنے کو کم کردیتا ہے۔

SAR اور متعلقہ یوروپی یونین معیارات کے متعلق مزید معلومات کے لیے سام سنگ موبائل کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

اس مصنوعے کی درست نکاسی

(برقی زیاں اور الیکٹرانک آلات)

(یورپی یونین اوردیگر یورپی ممالک میں علیحدہ اکٹھا کرنے کے نظام کے ساتھ قابل اطلاق)

مصنوعے، اسیسریاں یا چھپے ہوئے مواد پر یہ نشان اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ ان کی عمر کے اختتام پر مصنوعے اور اس کے برقیاتی اسیسریوں (جیسے کہ چارجر، ہیڈسیٹ، USB کیبل) کو دوسرے گھریلو فضلے کے ساتھ پھینکا نہیں جانا چاہئیے۔ غیر کنٹرول شدہ زیاں ٹھکانے لگانے سے ماحول یا انسانی صحت کو پہنچنے والے نقصان سے بچاؤ کے لئے اس کو دیگر زیاں کی اقسام سے الگ کرلیں اور ذمہ داری سے ریسائیکل کریں تاکہ مادی وسائل کے دوبارہ پائدار استعمال کو فروغ دیا جاسکے۔

گھریلو صارفین کو اس مصنوعہ کی محفوظ ریسائکلنگ سے متعلق تفصیلات کے لئے، اس مصنوعہ کے خوردہ فروشوں، جہاں سے انہوں نے اس مصنوعہ کو خریدا تھا، یا اپنے مقامی حکومتی دفتر سے رابطہ کریں۔

کاروباری صارفین اپنے مہیا کاروں سے رابطہ کریں اور خریداری معاہدہ میں درج شرائط و ضوابط کی پڑتال کریں۔ اس مصنوعہ اور اس کی برقیاتی اسپیریوں کو دیگر تجارتی زیاں کے ساتھ نہیں ملانا چاہئے۔

بیٹریوں کو صحیح طریقے سے پھینکنا اس مصنوعے میں

(یورپی اتحاد اور علیحدہ بیٹری کی واپسی کے نظامات رکھنے والے دوسرے یورپی ممالک میں قابل اطلاق)

بیٹری، ہدایت نامے یا پیکیجنگ پر یہ نشان اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ اس مصنوعے کی بیٹریوں کو ان کے زندگی کے اختتام پر دوسرے گھریلو فضلے کے ساتھ نہیں پھینکنا چاہئیے۔ جہاں نشان لگایا گیا ہو، کیمیائی علامات Cd، Hg یا Pb اس بات کو ظاہر کرتے ہیں کہ بیٹری میں EC کے ڈائریکٹیو 2006/66 میں درج کردہ حوالے کی حدود سے زیادہ سیماب، مرکری یا لیڈ شامل ہیں۔ اگر بیٹریوں کو درست طور پر نہیں پھینکا گیا تو ان مواد کی وجہ سے انسانی صحت یا ماحول کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

قدرتی وسائل کی حفاظت کرنے اور مواد کے دوبارہ استعمال کو فروغ دینے کے لئے بیٹریوں کو دوسرے قسم کے فضلے سے دور رکھیں اور انہیں اپنے مقامی، مفت بیٹری کی واپسی کے نظام کے ذریعے دوبارہ استعمال کے قابل بنائیں۔

دستبرداری

اس آلے کے ذریعے قابل رسائی کچھ اجزا اور خدمات تیسرے فریقین کی ملکیت ہے اور کاپی رائٹ، پیٹنٹ، ٹریڈمارک اور/یا دیگر عاقلانہ ملکیت کے قوانین کے تحت محفوظ ہیں۔ ایسے اجزا اور خدمات صرف آپ کے ذاتی غیر تجارتی استعمال کے لئے فراہم کئے جاتے ہیں۔ آپ کسی بھی اجزا یا خدمات کو ایسے طریقے سے استعمال نہیں کر سکتے ہیں جس کی اجزا کے مالک یا خدمت فراہم کنندہ نے اجازت نہ دی ہو۔ مندرجہ بالا کو محدود کئے بغیر، علاوہ اس کے کہ قابل اطلاق اجزا کے مالک یا خدمت فراہم کنندہ نے اس کی اجازت نہ دی ہو، آپ اس آلے کے ذریعے ظاہر کردہ کسی اجزا یا خدمات کو ترمیم نہیں کر سکتے ہیں، نقل نہیں کر سکتے ہیں، دوبارہ شائع نہیں کر سکتے ہیں، اپ لوڈ نہیں کر سکتے ہیں، ارسال نہیں کر سکتے ہیں، بھیج نہیں سکتے ہیں، ترجمہ نہیں کر سکتے ہیں، فروخت نہیں کر سکتے ہیں، ان پر ماخوذ دوسرے اجزا یا خدمات نہیں بنا سکتے ہیں، ان سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے ہیں اور انہیں کسی بھی طریقے سے یا کسی بھی ذریعے سے تقسیم نہیں کر سکتے ہیں۔

تیسرے فریق کے اجزا اور خدمات "جیسے ہیں" کی بنیاد پر فراہم کئے جاتے ہیں۔ سام سنگ کسی بھی مقصد کے لئے اس طرح سے مہیا کردہ اجزا یا خدمات کی ضمانت نہیں فراہم کرتا ہے، چاہے وہ واضح ہو یا اخذ کردہ۔ سام سنگ واضح طور پر کسی بھی اخذ کردہ ضمانتوں سے مکمل طور پر بری الذمہ ہے، جن میں قابل فروخت ہونے کی یا کسی خاص مقصد کے لئے موزونیت کی ضمانتیں شامل ہیں لیکن یہ ان تک محدود نہیں۔ سام سنگ اس آلے کے تحت دستیاب کردہ کسی بھی اجزا یا خدمت کی درستگی، جائز ہونے کی، بروقت ہونے کی، قانونیت، یا مکمل ہونے کی ضمانت نہیں دیتا ہے اور کسی بھی صورت میں، جن میں بے توجہی شامل ہے، سام سنگ آپ کے یا کسی بھی تیسرے فریق کی جانب سے کسی بھی اجزا یا خدمت کے استعمال یا ان میں موجود معلومات کی وجہ سے یا اس کے سلسلے میں ہونے والے کسی بھی بلاواسطہ، بالواسطہ، ضمنی، خاص یا نتیجے میں ہونے والے نقصانات، وکیل کے معاوضے، اخراجات یا کسی بھی دوسرے نقصانات کے لئے ذمہ دار نہیں ہوگا، خواہ وہ معاہدے کے تحت ہو یا برجانے کے تحت ہو، اور چاہے اسے ایسے نقصانات کے امکان کی اطلاع ہی کیوں دی گئی ہو۔

تیسرے فریق کی خدمات کو کسی بھی وقت منقطع کیا جاسکتا ہے یا ان میں کسی بھی وقت مداخلت پیدا ہوسکتی ہے اور سام سنگ کسی بھی میعاد کے لئے اجزا یا خدمت کی دستیابی کی ضمانت یا نمائندگی نہیں دیتا ہے۔ تیسرے فریق اجزا اور خدمات کو نیٹورکس اور ترسیل کی سہولیات کے تحت فراہم کرتے ہیں، جن پر سام سنگ کا کوئی کنٹرول نہیں ہے۔ اس دستبرداری کی عمومیت کو محدود کئے بغیر، سام سنگ اس آلے کے ذریعے فراہم کردہ کسی بھی خدمت یا اجزا میں مداخلت یا معطلی کے لئے کسی بھی قسم کی ذمہ داری سے واضح طور پر بری الذمہ ہے۔

سام سنگ اجزا اور خدمات سے تعلق رکھنے والے خریدار کی خدمت کے لئے ذمہ دار نہیں ہے۔ ان اجزا یا خدمات سے تعلق رکھنے والے کسی بھی سوال یا خدمت کی درخواست کے لئے متعلقہ اجزا اور خدمت فراہم کنندگان سے رجوع کریں۔

آپ کے موبائل فون کا تعارف

اس حصے میں اپنے موبائل فون کے لے آؤٹ، بٹن، ڈسپلے اور آئیکنز کے متعلق سیکھیں۔

کھولیں

اپنے مصنوعے کے ڈبے میں مندرجہ ذیل اشیاء کی موجودگی کی پڑتال کرلیں:

- موبائل فون
- بیٹری
- سفری اڈاپٹر (چارجر)
- صارف مینیول

- آپ کے فون کے ساتھ فراہم کردہ اشیاء آپ کے علاقے میں دستیاب یا آپ کے خدمت فراہم کنندہ کے پیش کردہ سافٹ وئیر یا لوازمات کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں۔ آپ اپنے مقامی سام سنگ ڈیلر سے اضافی لوازمات حاصل کرسکتے ہیں۔
- فراہم کردہ لوازمات آپ کے فون کے لئے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

فون کا لے آؤٹ

آپ کے فون کا اگلا حصہ مندرجہ ذیل کلیدوں اور خصوصیات پر مشتمل ہے:



آپ کے فون کا پچھلا حصہ مندرجہ ذیل کلیدیں اور خصوصیات پر مشتمل ہے:

آپ غیرمطلوبہ فون کے عملیات کی روک تھام کے لئے ٹچ اسکرین اور کلیدیں کو لاک کرسکتے ہیں. لاک کرنے کے لئے دبائیں [ ]. ان لاک کرنے کے لئے دبائیں اور تھامیں [ ]، یا اسکرین پر موجود لاک آئیکن کو چھونیں اور تھامیں.

کلیدیں

کلید	فنکشن
ڈائل	کال کریں یا کال کا جواب دیں؛ بے کار وضع میں کال کریں یا کال کا جواب دیں؛ بے کار وضع میں یا پیغام کے لاگ کو بازیافت کریں
واپس	مینیو وضع میں پچھلی سطح پر واپس آئیں
پاور/مینیو سے اخراج	فون کو آن اور آف کریں (دبائیں اور تھامیں)؛ کال ختم کریں؛ مینیو وضع میں اندراج منسوخ کریں اور بے کار وضع پر واپس آئیں
واپس	واپس اچٹیں؛ کسی فائل میں واپس اسکرین کریں (دبائیں اور تھامیں)

کلید	فنکشن
میوزک پلئیر	بے کار وضع میں میوزک لائبریری کی اسکرین کھولیں؛ واپس چلائیں شروع کریں، توقف کریں یا بحال کریں
آگے	آگے اچٹیں؛ کسی فائل میں آگے اسکین کریں (دبائیں اور تھامیں)
والیوم	فون کا والیوم ایڈجسٹ کریں؛ بے کار وضع میں جعلی کال کرنے کے لئے والیوم بٹن کو نیچے دبائیں اور دبا کر رکھیں
ہولڈ	ٹچ اسکرین اور بٹن لاک کریں؛ ٹچ اسکرین اور بٹن ان لاک کریں (دبائیں اور تھامیں)
کیمرا	بے کار وضع میں کیمرہ چالو کریں؛ کیمرہ وضع میں تصویر کھینچیں یا ویڈیو ریکارڈ کریں

آئیکنز

اپنے ڈسپلے پر ظاہر ہونے والے آئیکنز کے متعلق سیکھیں۔

آئیکن	تعریف
	سگنل کی قوت
	SOS پیغام کی خاصیت کارآمد ہو چکی ہے
	GPRS نیٹورک جڑا ہوا ہے
	EDGE نیٹورک جڑا ہوا ہے
	کال جاری ہے
	ویب براوز کیا جارہا ہے
	محفوظ ویب صفحہ سے جڑگیا ہے
	کال کے رخ کی تبدیلی فعال ہے
	بلیوٹوتھ فعال کر دیا گیا
	بلیوٹوتھ ہینڈزفری کار کٹ یا ہیڈسیٹ جڑا ہوا ہے
	پی سی کے سنکرونائز کیا گیا

آئیکن	تعریف
	Wi-Fi فعال
	الارم فعال ہوگیا
	نیا متن پیغام (SMS)
	نیا ملٹی میڈیا پیغام (MMS)
	نیا ای میل پیغام
	نیا وائس میل پیغام
	نیا وائس پیغام
	حافظہ کارڈ شامل کر دیا گیا
	عام پروفائل فعال کر دیا گیا
	خاموش پروفائل فعال کردیا گیا ہے
	بیٹری کی قوت کی سطح
10:00	حالیہ وقت

اپنے موبائل فون کو ترتیب کرنا اور تیار کرنا

استعمال شروع کرنے کے لئے اپنے موبائل فون کو ترتیب کریں اور پہلی دفعہ استعمال کرنے کے لئے سیٹ اپ کریں۔

سم کارڈ اور بیٹری نصب کریں

جب آپ کسی سیلولر خدمت پر اشتراک کرتے ہیں، آپ کو ایک سبسکرائبر شناخت کا ماڈیول (سم) کارڈ موصول ہوگا جس میں سبسکرپشن کی تفصیلات موجود ہوں گی، جیسے کہ آپ کا ذاتی شناخت کا نمبر (PIN) اور اختیاری خدمات۔

سم کارڈ اور بیٹری نصب کرنے کے لئے:

1. بیٹری کا کور ہٹائیں۔



اگر فون آن ہو تو اسے آف کرنے کے لئے دبائیں اور تھامیں [ ].

2. سم کارڈ داخل کریں۔



- سم کارڈ کو فون میں اس طرح رکھیں کہ سنہرے رنگ کے کانٹیکٹ کا منہ نیچے کی طرف ہو۔
- سم کارڈ داخل کئے بغیر آپ اپنے فون کی غیرنیٹورک کی خدمات اور چند مینیو استعمال کرسکتے ہیں۔

3. بیٹری داخل کریں۔



4. بیٹری کا کور واپس لگائیں۔



بیٹری کو چارج کریں

فون کو پہلی دفعہ استعمال کرنے سے پہلے آپ کو بیٹری چارج کرنے کی ضرورت ہے۔

1. فون کے سائڈ پر موجود کثیرفعلی جیک کا کور کھولیں۔
2. سفری اڈاپٹر کے چھوٹے سرے کو کثیرفعلی جیک میں لگائیں۔



CAUTION سفری اڈاپٹر کو غلط طریقے سے لگانے سے فون کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔ غلط استعمال کی وجہ سے واقع ہونے والے نقصانات پر ضمانت کا اطلاق نہیں ہوتا ہے۔

3. سفری اڈاپٹر کے بڑے سرے کو بجلی کے ساکٹ میں لگائیں۔
4. جب بیٹری مکمل طور پر چارج ہوجائے (▮▮▮▮▮) کا آئیکن مزید حرکت نہیں کررہا ہے)، سفری اڈاپٹر کو بجلی کے ساکٹ سے نکال دیں۔
5. فون سے سفری اڈاپٹر نکال دیں۔
6. کثیرفعلی جیک کا کور بند کردیں۔

کم بیٹری کے ظاہر کنندہ کے متعلق

جب بیٹری کم ہوتی ہے، فون ایک تنبیہاتی ٹون سنائے گا اور کم بیٹری کا پیغام ظاہر کرے گا۔ بیٹری کا آئیکن بھی خالی ہوگا اور جھلملائے گا۔ اگر بیٹری بہت کم ہوجائے تو فون خودبخود بند ہوجائے گا۔ اپنے فون کا استعمال جاری رکھنے کے لئے اپنی بیٹری کو چارج کریں۔

حافظہ کارڈ نصب کریں (اختیاری)

مزید ملٹی میڈیا فائلوں کو ذخیرہ کرنے کے لئے آپ کو حافظہ کارڈ نصب کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ کا فون 16 GB تک کے microSD™ یا microSDHC™ کے حافظہ کارڈ کی سہولت رکھتا ہے (اس کا انحصار حافظہ کارڈ کے بنانے والے اور قسم پر ہے)۔

- کمپیوٹر پر حافظہ کارڈ فارمیٹ کرنے کی وجہ سے آپ کے فون کے ساتھ غیرمطابقت پیدا ہوسکتی ہے۔ حافظہ کارڈ کو صرف فون پر فارمیٹ کریں۔
- بار بار لکھنے اور مٹانے سے حافظہ کارڈوں کی عمر میں کمی واقع ہوتی ہے۔

1. بیٹری کا کور ہٹائیں۔
2. حافظہ کارڈ کو اس طرح نصب کریں کہ اس کے لیبل والی سائڈ اوپر ہو۔



3. حافظہ کارڈ کو حافظہ کارڈ کے خانے میں اس وقت تک دھکیلیں جب تک کہ وہ جگہ پر لاک نہ ہوجائے۔
4. بیٹری کا کور واپس لگائیں۔

حافظہ کارڈ نکالنے کے لئے، اسے آہستہ سے کھینچیں جب تک کہ وہ فون سے علیحدہ نہ ہوجائے، اور پھر حافظہ کارڈ کو حافظہ کارڈ کے خانے سے کھینچ کر نکال دیں۔

ہاتھ کا اسٹریپ لگائیں (اختیاری)

1. بیٹری کا کور ہٹائیں۔
2. خانے میں ہاتھ کا اسٹریپ پروئیں اور اسے چھوٹے پراجیکشن کے اوپر ٹنگادیں۔



3. بیٹری کا کور واپس لگائیں۔

بنیادی فنکشن کا استعمال

بنیادی عملیات اور اپنے موبائل فون کی مرکزی خاصیتیں استعمال کرنا سیکھیں۔

اپنا فون آن اور آف کریں

فون کو آن کرنے کے لئے:

1. دبائیں اور تھامیں [ ].
2. اپنی PIN درج کریں اور چھوئیں **توثیق** (اگر ضروری ہو)۔

اپنا فون بند کرنے کے لئے، مرحلہ 1 دہرائیں۔

آف لائین پروفائل پر جائیں

آف لائین پروفائل پر تبدیل کرکے آپ اپنے فون کی غیرنیٹورک کی خدمات کو ایسے علاقوں میں استعمال کرسکتے ہیں جہاں وائرلیس آلات کی ممانعت ہو، جیسے کہ ہوائی جہاز اور ہسپتال۔

آف لائین پروفائل پر تبدیل کرنے کے لئے مینیو وضع میں منتخب کریں **ترتیبات** ← **فون کی پروفائیل** ← **آف لائین**۔

ان علاقوں میں جہاں وائرلیس آلات کا استعمال ممنوع ہوں، وہاں‌سرکاری عملے کی ہدایات اور لگائی گئی تنبیہات پر عمل کریں۔

ٹچ اسکرین استعمال کریں

آپ اپنے فون کی ٹچ اسکرین سے باآسانی اشیاء منتخب کرسکتے ہیں یا فنکشنز انجام دے سکتے ہیں۔ ٹچ اسکرین استعمال کرنے کے بنیادی عملیات سیکھیں۔

CAUTION

- ٹچ اسکرین کو خراشوں سے محفوظ رکھنے کے لئےنوکدار ٹولز کا استعمال نہ کریں۔
- ٹچ اسکرین کو دوسرے برقیاتی آلات کے ساتھ رابطے میں نہ آنے دیں۔ الیکٹروسٹاٹک ڈسچارج کی وجہ سے ممکن ہے کہ ٹچ اسکرین درست طور پر کام نہ کرے۔
- ٹچ اسکرین کو پانی کے ساتھ رابطے میں نہ آنے دیں۔ ممکن ہے کہ ٹچ اسکرین نمی میں یا پانی لگ کر درست طور پر کام نہ کرے۔

- ٹچ اسکرین کے بہترین استعمال کے لئے، اپنا فون استعمال کرنے کے قبل اسکرین کی حفاظتی فلم نکال دیں۔
- آپ کی ٹچ اسکرین میں ایک تہہ ہے جو انسانی جسم کے خارج کردہ چھوٹے برقیاتی چارجز کو پہچانتی ہے۔ بہترین کارکردگی کے لئے ٹچ اسکرین کو اپنی انگلی کی نوک سے چھوئیں۔ ٹچ اسکرین نوکدار آلات جیسے کہ اسٹائلس یا قلم سے چھونے پر ردعمل ظاہر نہیں کرے گی۔

- کوئی مینیو کھولنے کے لئے یا کوئی ایپلیکیشن چلانے کے لئے کسی آئیکن کو چھوئیں۔



- عمودی فہرستوں میں اسکرال کرنے کے لئے اپنی انگلی کو اوپر یا نیچے گھسیٹیں۔



- افقی فہرستوں میں اسکرال کرنے کے لئے اپنی انگلی کو دائیں یا بائیں گھسیٹیں۔



مینیو تک رسائی کریں

اپنے فون کے مینیو تک رسائی کرنے کے لئے:

1. بے کار وضع میں منتخب کریں **مینیو** مینیو وضع تک رسائی کرنے کے لئے۔
2. مینیو کے اسکرین میں دائیں یا بائیں اسکرال کریں۔
3. کوئی مینیو یا اختیار منتخب کریں۔
4. ایک سطح اوپر جانے کے لئے واپس کلید دبائیں؛ بے کار وضع پر واپس جانے کے لئے [ ] دبائیں۔

وڈجیٹ استعمال کریں

ٹول بار پر موجود وڈجیٹ استعمال کرنا سیکھیں۔

- آپ کے کچھ وڈجیٹ ویب خدمات تک جڑتے ہیں۔ ویب پر مبنی وڈجیٹ کا انتخاب اضافی قیمتوں کا باعث بن سکتا ہے۔
- دستیاب وڈجیٹ آپ کے علاقے یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں۔

وڈجیٹ ٹول بار کھولیں

وڈجیٹ ٹول بار کھولنے کے لئے بے کار وضع میں اسکرین کے نچلے بائیں حصے میں موجود تیر کو منتخب کریں۔ آپ وڈجیٹ ٹول بار پر وڈجیٹوں کی ترتیب تبدیل کرسکتے ہیں یا انہیں بے کار اسکرین میں لے جاسکتے ہیں۔

وڈجیٹوں کو بے کار اسکرین پر لے جائیں

1. بے کار وضع میں بے کار اسکرین میں سے کسی ایک پر دائیں یا بائیں اسکرال کریں۔
2. وڈجیٹ ٹول بار کھولیں۔
3. کسی وڈجیٹ کو وڈجیٹ ٹول بار سے بے کار اسکرین پر گھسیٹیں۔ آپ وڈجیٹ کو اسکرین پر کہیں بھی رکھ سکتے ہیں۔

وڈجیٹ تبدیل کریں

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **ترتیبات** ← **ڈسپلے اور روشنی کي سیٹنگز** ← **وڈجیٹ**۔
2. ان وڈجیٹوں کا انتخاب کریں جنہیں آپ وڈجیٹ ٹول بار میں محفوظ کرنا چاہتے ہیں اور منتخب کریں **محفوظ**

مدد کی معلومات تک رسائی کریں

اپنے فون کے متعلق مفید معلومات تک رسائی کرنا سیکھیں۔

1. وڈجیٹ ٹول بار کھولیں۔
2. ? کو بے کار اسکرین تک گھسیٹیں اور اسے منتخب کریں۔
3. فون کو خودکار طور پر گھڑی کی مخالف سمت میں گھما کر لینڈاسکیپ ویو پر کردیا جاتا ہے۔
4. کسی ایپلیکیشن یا خاصیت کے متعلق مزید معلومات کے لئے کوئی معاونت کا عنوان منتخب کریں۔
5. مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے بائیں یا دائیں اسکرال کریں۔ پچھلی سطح پر واپس جانے کے لئے منتخب کریں ⬅۔

اپنے فون کو ذاتی بنائیں

اپنے فون کو اپنی ترجیحات کے مطابق بنا کر اس کا بھرپور استعمال کریں۔

کلیدوں کے ٹون کے والیوم کو ایڈجسٹ کریں

بے کار وضع میں کلیدیں ٹون کا والیم ترمیم برنے کے لئے والیوم کلیدیں کو اوپر یا نیچے دبائیں۔

ٹچ اسکرین پر وائبریشن کی شدت ایڈجسٹ کریں

آپ فون کی اسکرین ٹیپ کرنے پر وائبریشن کی شدت کو ایڈجسٹ کرسکتے ہیں۔

1. بے کار وضع میں والیوم کلید دبائیں۔
2. منتخب کریں **وائبریشن** اور والیوم کلید دبا کر وائبریشن کی شدت ایڈجسٹ کریں۔

خاموش پروفائل پر یا سے تبدیل کریں

بے کار وضع میں منتخب کریں **کیی پیڈ** اور چھوئیں اور دبا کر رکھیں # اپنے فون کو خاموش کرنے یا اس کی آواز کھولنے کے لئے۔

اپنی رنگ ٹون تبدیل کریں

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **ترتیبات** ← **فون کی پروفائیل**۔
2. منتخب کریں » اپنی زیر استعمال پروفائل کے برابر۔

اگر آپ خاموش یا آف لائن پروفائل استعمال کررہے ہیں، آپ کو رنگ ٹون تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

3. منتخب کریں **وائس کال رنگ ٹون**۔
4. فہرست سے کوئی رنگ ٹون منتخب کریں اور منتخب کریں **محفوظ**
5. منتخب کریں **محفوظ**۔

کسی دوسری پروفائل پر تبدیل کرنے کے لئے اسے فہرست سے منتخب کریں۔

کوئی وال پیپر منتخب کریں (بے کار وضع)

1. بے کار وضع میں بے کار اسکرین میں سے کسی ایک پر دائیں یا بائیں اسکرال کریں۔
2. مینیو وضع میں منتخب کریں **ترتیبات** ← **ڈسپلے اور روشنی کی سیٹنگز** ← **وال پیپر**۔
3. کسی امیج پر دائیں یا بائیں اسکرال کریں۔
4. منتخب کریں **سیٹ**۔

کوئی اسکن کا رنگ منتخب کریں (مینیو وضع)

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **ترتیبات** ← **ڈسپلے اور روشنی کی سیٹنگز** ← **میری تھیم**۔
2. کوئی رنگ کا نمونہ منتخب کریں۔
3. منتخب کریں **محفوظ** ← **ہاں** (اگر ضروری ہو)۔

اپنا فون لاک کریں

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **ترتیبات** ← **سیکیورٹی**۔
2. منتخب کریں **فون لاک** کے تحت **آن**۔
3. نیا 4 سے 8 ہندسوں کا لفظ شناخت درج کریں اور منتخب کریں **توثیق**۔
4. نیا لفظ شناخت دوبارہ درج کریں اور منتخب کریں **توثیق**۔

- پہلی دفعہ ایسے مینیو تک رسائی کرنے کے لئے، جس کے لئے لفظ شناخت کی ضرورت ہو، آپ سے لفظ شناخت بنانے اور اس کی تصدیق کرنے کی درخواست کی جائے گی۔
- سام سنگ غیرقانونی سافٹ وئیر کی وجہ الفاظ شناخت یا نجی معلومات یا دوسرے نقصانات کا ذمہ دار نہیں ہے۔

اسمارٹ ان لاک کے ساتھ ٹچ اسکرین کو ان لاک کریں

لاک کی گئی ٹچ اسکرین پر مشخص کردہ کریکٹر بنا کر، آپ صرف اسکرین ان لاک کرسکتے ہیں، ان لاک کرکے فوری ڈائل نمبر پر کال کرسکتے ہیں، یا ان لاک کرکے ایپلیکیشن چلاسکتے ہیں۔
سمارٹ ان لاک کریکٹر سیٹ کرنے کے لئے:

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **ترتیبات** ← **اسمارٹ ان لاک**۔
2. منتخب کریں **اشارت غیر مقفل** کے تحت **آن**۔
3. ان لاک کا اختیار منتخب کریں۔
4. ڈائل کرنے کے لئے فوری ڈائل کا نمبر یا چلانے کے لئے کوئی ایپلیکشن منتخب کریں (اگر ضروری ہو)۔
5. اسمارٹ ان لاک خصوصیت کے لئے کریکٹر منتخب کریں۔
6. واپس کلید منتخب کریں (اگر ضروری ہو)۔
7. منتخب کریں **محفوظ**۔

بنیادی کال کے فنکشنز استعمال کریں

کال کرنا، یا کالوں کا جواب دینا اور بنیادی کال کے فنکشنز استعمال کرنا سیکھیں۔

کال کے دوران آپ کا فون غلطی سے ہونے والے مداخلوں کی روک تھام کے لئے ٹچ اسکرین کو خودکار طور پر لاک کردیتا ہے۔ ان لاک کرنے کے لئے دبائیں اور تھامیں [🔒]۔

کال کریں

1. بے کار وضع میں منتخب کریں **کیی پیڈ** اور علاقے کا کوڈ اور فون نمبر درج کریں۔
2. دبائیں [📞] نمبر ڈائل کرنے کے لیئے۔
3. کال منقطع کرنے کے لئے دبائیں [📴]۔

کال کا جواب دیں

1. جب کوئی کال آئے، دبائیں [📞]۔
2. کال منقطع کرنے کے لئے دبائیں [📴]۔

والیوم مرتب کریں

کال کے دوران والیوم کو ترتیب کرنے کے لئے والیوم کی کلید کو اوپر یا نیچے کی طرف دبائیں۔

گفتگو ریکارڈ کریں

1. کال کے دوران منتخب کریں **اور** ← **کال ریکارڈ** ریکارڈنگ شروع کرنے کے لئے۔
2. منتخب کریں ■ ریکارڈنگ شروع کرنے کے لئے۔

اسپیکرفون کی خصوصیت استعمال کریں

1. کال کے دوران منتخب کریں ◄ **ہاں** اسپیکرفعال کرنے کے لئے۔
2. ائیرپیس پر واپس تبدیل کرنے کے لئے منتخب کریں ◄ دوبارہ سے۔

شور و غل کے ماحول میں آپ کواسپیکر فون کی خصوصیت استعمال کرنے کے دوران کالیں سننے میں دشواری پیش آسکتی ہے۔ بہترین آڈیو کارکردگی کے لئے عام فون کی وضع استعمال کریں۔

ہیڈسیٹ استعمال کریں

مہیا کردہ ہیڈسیٹ کو ہیڈسیٹ جیک میں لگا کر، آپ کال کرسکتے ہیں اور کالوں کا جواب دے سکتے ہیں۔

- آخری کال کو دوبارہ ڈائل کرنے کے لئے ہیڈسیٹ کلید دبائیں اور دبا کر رکھیں اور پھر اسے دوبارہ دبائیں اور دبا کر رکھیں۔
- کال کا جواب دینے کے لئے ہیڈسیٹ کا بٹن دبائیں۔
- کال منقطع کرنے کے لئے ہیڈسیٹ کا بٹن دبائیں اور تھامیں۔

WARNING

ایسے ربڑ کے ائیربڈ استعمال کرنے سے جو آپ کے کان کے سوراخ کے لئے ٹھیک سائز کے نہ ہوں، آپ کے کان کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

پیغامات بھیجیں اور دیکھیں

متن (SMS)، ملٹی میڈیا (MMS)، اور ای میل پیغامات بھیجنا اور دیکھنا سیکھیں۔

کوئی متن یا ملٹی میڈیا پیغام بھیجیں

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **پیغامات** ← **پیغام تخلیق کریں** ← **پیغام**۔
2. منتخب کریں **وصول کنندہ کا اضافہ کرنے کے لئے ٹیپ کریں** ← **مینیولی داخل کریں**۔
3. کوئی وصولندہ کا نمبر درج کریں اور منتخب کریں **ٹھیک ہے**۔
4. منتخب کریں **ٹیکسٹ کا اضافہ کرنے کے لئے ٹیپ کریں**۔
5. اپنے پیغام کا متن داخل کریں اور منتخب کریں **ٹھیک ہے**۔
   ◀ ٹیکسٹ درج کریں
   بطور متن پیغام بھیجنے کے لئے، مرحلہ 7 پر جائیں۔
   ملٹی میڈیا منسلک کرنے کے لئے، مرحلے 6 کے ساتھ جاری رکھیں۔
6. منتخب کریں **اضافہ میڈیا** اور کسی آئیٹم کا اضافہ کریں۔
7. منتخب کریں **بھیجنا** پیغام بھیجنے کے لئے۔

ای میل بھیجیں

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **پیغامات** ← **پیغام تخلیق کریں** ← **ایی میل**۔
2. منتخب کریں **وصول کنندہ کا اضافہ کرنے کے لئے ٹیپ کریں** ← **مینیولی داخل کریں**۔
3. کوئی ای میل پتہ درج کریں اور منتخب کریں **ٹھیک ہے**۔
4. منتخب کریں **موضوع کا اضافہ کرنے کے لئے ٹیپ کریں**۔
5. کوئی موضوع درج کریں اور منتخب کریں **ٹھیک ہے**۔
6. منتخب کریں **ٹیکسٹ کا اضافہ کرنے کے لئے ٹیپ کریں**۔
7. اپنے ای میل کا متن داخل کریں اور منتخب کریں **ٹھیک ہے**۔
8. منتخب کریں **فائیلوں کا اضافہ کریں** اور فائل منسلک کریں (اگر ضروری ہو)۔
9. منتخب کریں **بھیجنا** پیغام بھیجنے کے لئے۔

متن درج کریں

متن درج کرنے کے دوران، آپ متن اندراج کی وضع تبدیل کرسکتے ہیں:

- چھوٹے یا بڑے حروف کے درمیان تبدیل کرنے کے لئے یا نمبر یا علامتی وضع پر تبدیل کرنے کے لئے منتخب کریں **اَب** **T9** یا **اَب** اسکرین کے نچلے حصے کے درمیان میں۔ آپ کے علاقے کے لحاظ سے، ممکن ہے کہ آپ اپنی مخصوص زبان کے لئے کسی اندراج کی وضع تک رسائی کرسکیں۔
- T9 اور اَب اوضاع کے درمیان تبدیل کرنے کے لئے منتخب کریں **T9** (**T9** نیلا ہوجاتا ہے T9 وضع میں)۔
- اندراج کی زبان منتخب کرنے کے لئے منتخب کریں **اردو**۔
- منتخب کریں [@!]۔

مندرجہ ذیل اوضاع میں سے ایک میں متن درج کریں:

وضع	فنکشن
اَب	اس وقت تک مناسب مجازی کلید منتخب کریں جب تک کہ آپ کا مطلوبہ حرف ڈسپلے پر ظاہر نہ ہوجائے۔
T9	1. ایک مکمل لفظ درج کرنے کے لئے مناسب مجازی کلید منتخب کریں۔ 2. جب لفظ درست طور پر ظاہر ہوجائے تو منتخب کریں ⎵ خالی جگہ شامل کرنے کے لئے۔ اگر درست لفظ ظاہر نہ ہو تو منتخب کریں [Aa] یا منتخب کریں ▼ دکھائی جانے والی فہرست سے متبادل لفظ منتخب کرنے کے لئے۔
نمبر	کوئی نمبر درج کرنے کے لئے مناسب مجازی کلید منتخب کریں۔
علامت	کوئی علامت درج کرنے کے لئے مناسب مجازی کلید منتخب کریں۔

متن یا ملٹی میڈیا پیامات دیکھیں

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **پیغامات** ← **ان باکس**۔
2. کوئی متن یا ملٹی میڈیا پیغام منتخب کریں۔

ای میل دیکھیں

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **پیغامات** ← **ایی میل ان باکس**۔
2. کوئی اکاؤنٹ منتخب کریں۔
3. منتخب کریں **ڈاؤن لوڈ**۔
4. کوئی ای میل یا سرنامہ منتخب کریں۔
5. اگر آپ نے سرتحریر منتخب کیا ہو تو منتخب کریں **وصول کریں** ای میل دیکھنے کے لئے۔

رابطے شامل کریں اور تلاش کریں

فون بک کی خصوصیات استعمال کرنے کی بنیادی باتیں سیکھیں۔

نیا رابطہ شامل کریں

1. بے کار وضع میں منتخب کریں **کیی پیڈ** اور کوئی فون نمبر درج کریں۔
2. منتخب کریں ← **کانٹیکٹ محفوظ کریں** ← **نیا**۔
3. منتخب کریں **فون** یا **سم** (اگر ضروری ہو)۔
4. رابطے کي معلومات درج کریں۔
5. منتخب کریں **محفوظ** رابطے کو حافظے میں شامل کرنے کے لئے۔

رابطہ تلاش کریں

1. بے کار وضع میں منتخب کریں **فون بک**۔
2. تلاش کا خانہ منتخب کریں، اپنے مطلوبہ نام کے شروع کے چند حروف درج کریں اور منتخب کریں **ٹھیک ہے**۔ آپ نام کے پہلے حرف کو گھسیٹ کر منتخب کرنے کے لئے ▲ کو بھی گھسیٹ سکتے ہیں۔
3. تلاش کی فہرست سے رابطے کا نام منتخب کریں۔

رابطہ تلاش کرنے کے بعد آپ مندرجہ ذیل کرسکتے ہیں:

- رابطے کو کال کرنے کے لئے منتخب کریں ← ؛
- رابطے کی معلومات تبدیل کرنے کے لئے منتخب کریں **تبدیلی**۔

بنیادی کیمرے کے فنکشنز استعمال کریں

تصویریں اور وڈیوز کھینچنے اور دیکھنے کی بنیادی باتیں سیکھیں۔

فوٹو کھینچیں

1. بے کار وضع میں دبائیں [ ] کیمرہ آن کرنے کے لئے۔
2. فون کو گھڑی کی مخالف سمت پر گھما کر لینڈاسکیپ ویو پر لے آئیں۔
3. لینز سے مطلوبہ کا نشانہ لیں اور مطابقت بنائیں۔
   - وقت کا التوا منتخب کرنے کے لئے منتخب کریں ۔
   - اکسپوژر کی قدر سیٹ کرنے کے لئے منتخب کریں ۔
   - اندر یا باہر زوم کرنے کے لئے والیوم کی کلید دبائیں۔
4. دبائیں [ ] فوٹو کھینچنے کے لئے۔
   فوٹو کو خودکار طور پر محفوظ کیا جاتا ہے۔

فون کھینچنے کے بعد منتخب کریں ▶ فوٹو دیکھنے کے لئے۔

فوٹومنظر کریں

مینیو وضع میں منتخب کریں **میری فایلیں** ← **تصویر** ← **میری تصاویر** ← کوئی فوٹو فائل۔

فوٹو فائل دیکھنے کے دوران اندر یا باہر زوم کرنے کے لئے:

- منتخب کریں اور والیوم کلید کو اوپر یا نیچے دبائیں۔
- اسکرین چھوئیں اور دبا کر رکھیں۔ کے نظر آنے پر اوپر یا نیچے اسکرال کریں۔

زوم اسکرین سے باہر نکلنے کے لئے واپس کلید دبائیں۔

وڈیوز کھینچیں

1. بے کار وضع میں دبائیں [] کیمرہ آن کرنے کے لئے۔
2. فون کو گھڑی کی مخالف سمت میں گھما کر لینڈاسکیپ ویو میں لے آئیں۔
3. منتخب کریں ریکارڈنگ وضع پر تبدیل کرنے کے لئے۔
4. لینز سے مطلوبہ کا نشانہ لیں اور مطابقت بنائیں۔
   - ریکارڈنگ وضع تبدیل کرنے کے لئے منتخب کریں۔
   - وقت کا الٹوا منتخب کرنے کے لئے منتخب کریں۔
   - اکسپوژر کی قدر سیٹ کرنے کے لئے منتخب کریں۔
   - اندر یا باہر زوم کرنے کے لئے والیوم کا بٹن دبائیں۔
5. دبائیں [] ریکارڈ کرنا شروع کرنے کے لئے۔
6. دبائیں ■ یا [] ریکارڈنگ روکنے کے لئے۔
   وڈیو کو خودکار طور پر محفوظ کیا جاتا ہے۔

وڈیو کھینچنے کے بعد منتخب کریں وڈیو دیکھنے کے لئے۔

وڈیو دیکھیں

مینیو وضع میں منتخب کریں **میری فایلیں** ← **وڈیوز** ← **میرے وڈیو کلپس** ← کوئی وڈیو کی فائل۔

میوزک سنیں

میوزک پلئیر یا ایف ایم ریڈیو کے ذریعے موسیقی سننا سیکھیں۔

ایف ایم ریڈیو سنیں

ریڈیو سننے کے دوران اپنے فون پر سفری اڈاپٹر یا پی سی ڈیٹا کیبل متصل نہ کریں۔ اڈیپٹر یا کیبل کی وجہ سے ریڈیو اینٹینا کے فنکشن کے طور پر ہیڈسیٹ کے عمل میں مداخلت پیدا ہوسکتی ہے۔

1. مہیا کردہ ہیڈسیٹ کو ہیڈسیٹ کے کثیر فعلی جیک میں لگائیں۔
2. مینیو وضع میں منتخب کریں **ایف ایم ریڈیو**۔
3. دبائیں [▶II] ایف ایم ریڈیو شروع کرنے کے لئے۔
4. منتخب کریں **ہاں** خودکار ٹیوننگ شروع کرنے کے لئے۔ ریڈیو خودکار طور پر اسکین کرکے دستیاب اسٹیشن محفوظ کرتا ہے۔

پہلی دفعہ ایف ایم ریڈیو آن کرنے پر آپ کوخودکار ٹیوننگ شروع کرنے کی ترغیب دی جائے گی۔

5. ایف ایم ریڈیو کنٹرول کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آئیکنز بٹن استعمال کریں:

آئیکن/بٹن	فنکشن
I◀◀/▶▶I	ریڈیو اسٹیشن کو 100 Khz سے فائن ٹیون کریں؛ محفوظ ریڈیو اسٹیشن منتخب کریں (دبائیں اور تھامیں)
▶II	ایف ایم ریڈیو آن یا آف کریں
☰	پسندیدہ فہرست کھولیں ◀ صفحہ 49

آئیکن/بٹن	فنکشن
AF /	ایف ایم ریڈیو کو اس طرح سیٹ کریں کہ جب حالیہ ریڈیو سگنل کمزور ہو تو وہ خودبخود اسٹیشن کی فریکوینسی دوبارہ ٹیون کریں
/	آواز آؤٹ پٹ تبدیل کریں
والیوم	والیوم مرتب کریں

میوزک کی فائلیں سنیں

اپنے فون یا حافظہ کارڈ پر فائلیں منتقل کرکے شروعات کریں:

- وائرلیس ویب سے ڈاؤن لوڈ کریں۔ ◀ صفحہ 35
- اختیاری سام سنگ پی سی سٹوڈیو کے ذریعے کمپیوٹر سے ڈاؤن لوڈ کریں۔ ◀ صفحہ 47
- بلیوٹوتھ کے ذریعے موصول کریں۔ ◀ صفحہ 53
- اپنے حافظہ کارڈ پر نقل کریں۔ ◀ صفحہ 47
- Windows Media Player 11 کے ساتھ سنکرونائز کریں۔ ◀ صفحہ 48

اپنے فون یا حافظہ کارڈ پر میوزک کی فائلیں منتقل کرنے کے بعد:

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **میوزک پلیر**۔
2. منتخب کریں کوئی میوزک کا زمرہ ← کوئی میوزک کی فائل۔
3. مندرجہ ذیل آئیکنز اور بٹن کے ذریعے پلے بیک کنٹرول کریں:

آئیکن کلید بٹن	فنکشن
▶II	پلے بیک میں وقفہ دیں یا بحال کریں
⏮	واپس اچھٹیں؛ کسی فائل میں واپس اسکین کریں (دبائیں اور تھامیں)
⏭	واپس اچھٹیں؛ کسی فائل میں واپس اسکین کریں (دبائیں اور تھامیں)
1	شفل کی وضع فعال کریں
NORM 1	آواز کا اثر تبدیل کریں
A 1	تکرر کی وضع تبدیل کریں
والیوم	والیوم مرتب کریں

1. اسکرین چھونے پر آئیکنز دستیاب ہوجائیں گے۔

ویب براؤز کریں

اپنے پسندیدہ ویب صفحات تک رسائی کرنا اور ان پر نشان لگان سیکھیں۔

- آپ کو ویب تک رسائی کرنےاور میڈیا ڈاؤن لوڈ کرنے میں اضافی ادائیگیاں کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- آپ کے خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے براؤزر کے مینیو پر لیبل مختلف ہوسکتے ہیں۔
- دستیاب آئیکنز آپ کے علاقے یا خدمت فراہم کنندہکے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں۔

ویب صفحات براؤز کریں

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **انٹرنیٹ** ← **ہوم** ویب براؤزر استعمال کرنے کے لئے۔

2. مندرجہ ذیل آئیکنز استعمال کرتے ہوئے ویب صفحات براؤز کریں:

آئیکن	فنکشن
◀ ▶	کسی ویب صفحے پر آگے یا پیچھے جائیں
✕	ویب صفحہ لوڈ کرنا روکیں
↻	حالیہ ویب صفحے کو دوبارہ تازہ کریں
⛶	ویو وضع تبدیل کریں
★	محفوظ نشانات کی فہرست کھولیں
▭	ویب صفحے کو لینڈاسکیپ سمت پر تبدیل کریں
☰	براؤزر کے اختیارات کی فہرست تک رسائی کریں

اپنے پسندیدہ ویب صفحات پر نشان لگائیں

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **انٹرنیٹ** ← **بک مارک**.
2. منتخب کریں **شامل کریں**.
3. ویب کا پتہ (URL) اور صفحے کا عنوان منتخب کریں.
4. منتخب کریں **محفوظ**.

میڈیا فائلیں ڈاؤن لوڈ کریں

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **ڈاؤن لوڈز**.
2. کوئی رنگ ٹون یا تصویر تلاش کریں اور اسے فون پر ڈاؤن لوڈ کریں.

Google خدمات استعمال کریں

Google کی مختلف خدمات استعمال کرنا سیکھیں.

- ممکن ہے کہ آپ کے علاقے یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے کچھ خدمات دستیاب نہ ہوں.
- اس خصوصیت کو استعمال کرنے کے لئے منتخب کرنے کے اقدام آپ کے علاقے یا خدمت فراہم کنندہ کے لحاظ سے مختلف ہوسکتے ہیں.

Google تلاش سے جڑیں

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **Google** ← **پہلے لفظ کے زریعے تلاش**۔
2. تلاش کے خانے میں کلیدی لفظ درج کریں۔

Google میل سے جڑیں

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **Google** ← **میل**۔
2. اپنا Google اکاؤنٹ سیٹ اپ کریں اور سائن ان کریں۔
3. ای میلز بھیجیں یا موصول کریں۔

Google نقشے سے جڑیں

نقشہ تلاش کرنے کے لئے:

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **Google** ← **نقشے**۔
2. نقشے میں اسکرال کریں۔
3. اپنے مطلوبہ جائے وقوع میں اندر یا باہر زوم کریں۔

کسی مخصوص مقام کو تلاش کرنے کے لئے:

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **Google** ← **نقشے**۔
2. منتخب کریں **مینیو** ← **Search Map** اور کاروبار کا پتہ یا زمرہ درج کریں۔

کسی مخصوص منزل تک راستہ تلاش کرنے کے لئے:

1. مینیو وضع میں منتخب کریں **Google** ← **نقشے**۔
2. منتخب کریں **مینیو** ← **Get Directions**۔
3. شروعاتی مقام اور اختتامی مقام کے پتے درج کریں۔
4. منتخب کریں **Show directions** نقشے پر دیکھنے کے لئے۔

برتر فنکشنز کا استعمال

بنیادی عملیات اور اپنے موبائل فون کی اضافی خاصیتیں استعمال کرنا سیکھیں۔

برتر کال کے فنکشنز استعمال کریں

اپنے فون کی اضافی کال کی قابلیتوں کے متعلق سیکھیں۔

مسڈ کالیں دیکھیں اور ڈائل کریں

آپ کا فون ڈسپلے پر آپ کی مسڈ کالیں ظاہر کرے گا۔

جب آپ کے پاس ایک مسڈ کال ہوں تو واقعےکے الرٹ کے وڈجٹ سے کال کو منتخب کریں اور منتخب کریں **وانس کال** ڈائل کرنے کے لئے۔

دو یا زائد مسڈ کالیں ہونے کی صورت میں واقعے کے الرٹ وڈجیٹ سے کال کو منتخب کریں اور منتخب کریں **لاگز** ← کوئی مسڈ کال۔

حال ہی میں ڈائل کردہ نمبر پر کال کریں

1. بے کار وضع میں دبائیں [ ] حالیہ نمبروں کی فہرست ظاہر کرنے کے لئے۔
2. اپنے مطلوبہ نمبر پر اسکرال کریں اور منتخب کریں یا دبائیں [ ] ڈائل کرنے کے لئے۔

کال کو ہولڈ پر رکھیں یا ہولڈ پر رکھی گئی کال بازیافت کریں

منتخب کریں **ہولڈ** کال کو ہولڈ پر رکھنے کے لئے یا منتخب کریں **وصول کریں** وصول کرنے کے لئے۔

دوسری کال ڈائل کریں

اگر آپ کے نیٹورک میں اس فنکشن کی سہولت ہو تو آپ کال کے دوران دوسرا نمبر ڈائل کرسکتے ہیں:

1. منتخب کریں **ہولڈ** پہلی کال کو ہولڈ پر رکھنے کے لئے۔
2. ڈائل کرنے کے لئے دوسرا نمبر داخل کریں اور دبائیں [ ].
3. منتخب کریں **تبدیل** دونوں کالوں کے درمیان تبدیل کرنے کے لئے۔
4. ہولڈ پر رکھی گئی کال کو منقطع کرنے کے لئے منتخب کریں **سب ختم** ← **ہولڈ کال** ← **ٹھیک ہے**۔
5. حالیہ کال منقطع کرنے کے لئے دبائیں [ ].

دوسری کال کا جواب دیں

اگر آپ کے نیٹورک میں اس کی سہولت ہو تو آپ دوسری آنے والی کال کا جواب دے سکتے ہیں:

1. دبائیں [ ] دوسری کال کا جواب دینے کے لئے۔
